## تعارف وتبصرہ

# سیرت احمد مجتبیٰ ﷺ — یوم حنین سے غزوۂ تبوک تک

### تالیف: شاہ مصباح الدین شکیل

پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ کراچی نے حال ہی میں اپنے ماہانہ ترجمان "پی ایس او ریویو" کا خصوصی سیرت نمبر شائع کیا ہے، جو "سیرتِ احمد مجتبیٰ ﷺ — یوم حنین سے غزوۂ تبوک تک" پر مشتمل ہے۔ سیرتِ طیبہ کی روشنی کو پھیلانے میں "پی ایس او ریویو" کے خصوصی سیرت نمبر گذشتہ گیارہ سال سے بہت کامیاب کردار ادا کر رہے ہیں۔

چند سال تک ان سیرت نمبروں میں سیرتِ طیبہ پر متفرق مضامین شائع ہوتے رہے، لیکن ۱۹۸۴ء سے اس سلسلہ کو ایک نیا تحقیقی رنگ دیا گیا اور کمپنی کے شعبہ امور عامہ کے سینیئر ایگزیکٹو شاہ مصباح الدین شکیل صاحب نے تاریخی حقائق کی روشنی میں سیرتِ مطہرہ کے حالات و واقعات کو زمانی تسلسل کے ساتھ پیش کرنا شروع کیا۔ خصوصی سیرت نمبروں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کے مکی دور کی تکمیل کے بعد اس کاوش کو "سیرتِ احمد مجتبیٰ — ظہور قدسی سے مسجد قبا تک" کے نام سے کتابی شکل میں بھی شائع کر دیا گیا جسے بہت قبول عام حاصل ہوا۔

بعد ازاں ان خصوصی نمبروں میں حیاتِ طیبہ کا مدنی دور سلسلہ وار دیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے کی تازہ ترین کڑی "پی ایس او ریویو" کا زیرِ نظر خصوصی سیرت نمبر ہے جو ربیع الاول ۱۴۱۱ھ (اکتوبر ۹۰ء) میں شائع ہوا ہے۔ اِس شمارے میں شاہ مصباح الدین شکیل صاحب نے، جو اسلامی تاریخ میں گہرا مطالعہ رکھتے ہیں، ہجرتِ نبوی ﷺ کے آٹھویں اور نویں سال کے حالات و واقعات کو بڑے سادہ اور مؤثر انداز میں بیان کیا ہے۔ ان میں غزوۂ حنین، غزوۂ طائف اور غزوۂ تبوک کی خصوصی اہمیت کے پیشِ نظر ان غزوات کے بارے میں سیر حاصل معلومات فراہم کی ہیں اور ان غزوات کے واقعات، اسباب اور ان کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔ مختلف تاریخی شواہد کو واضح کرنے کے لیے تصاویر اور نقشوں کا استعمال اِس کی افادیت میں مزید اضافہ کرتا ہے اور قاری کو مطالعے میں بہت زیادہ مدد بہم پہنچاتا ہے۔ اِس اعتبار سے یہ بلاشبہ ایک اہم تحقیقی اور تاریخی اہمیت کی حامل کاوش ہے، جو سیرتِ نبوی ﷺ (علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام) پر اب تک ہونے والے علمی کام میں ایک گرانقدر اضافہ ہے۔

زیرِ نظر شمارہ اپنے حسنِ ظاہری کے اعتبار سے بھی قابلِ ذکر ہے۔ دیدہ زیب رنگین سرورق اور ایمبوس آرٹ پیپر پر کمپیوٹر کتابت نے واقعتاً اسے بہت زیادہ جاذبِ نظر بنا دیا ہے۔

om